# کشتہ ابرک



ترتیب و تدوین حکیم قیوم خان

حکیم سید اعجاز حسین شاہ گیلانی

ڈاکٹر سید رضوان شاہ



چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی

## علم سنیاس و کشتہ سازی گروپ

# ابرک دھن آب کرنے کا آسان ترین طریقہ

ابرک کے مختلف زبانوں میں نام

مشہور نام ابرک ھے

مصاف القمر، قربون، اختر ال، قرن الارض، طلق،

کوکب الرض عروق العروس،

## اقسام

چہار اقسام کی ھوتی ھے

1 = سفید جو کہ معمولی ابرک ھے

2 = سیاہ اس کا پارہ قائم ھوتا ھے

3 = زرد رنگ کی ھوتی ھے

4 = مینڈک کے رنگ کی ھوتی ھے

## خواص

پانی میں حل نہیں ھوتی تیزاب میں گھل کر تہہ نشیں ھو جاتی ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

==================================

## کشتہ ابرک

ھو الشافی

ابرک سفید یا سیاہ 1 تولہ لے کر باریک کوٹ لیں یا قینچی سے کتر کر ذرے بنالیں اور کھرل میں ڈال کر قلمی شورہ ملا کر چند منٹ تک پیسیں پھر تھوڑی تھوڑی دیر بعد آک کا دودھ ڈال کر کھرل کرتے جائیں اتنا کھرل کریں کہ ابرک بلکل باریک ھو کر مٹی کی طرح ھو جائے تقریباً 4،3 گھنٹے مسلسل کھرل کرنا کافی ھو گا جب کھرل ھو جائے تو چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر دھوپ میں خشک کر لیں پھر کجی ڈال کت گلحمت کر کے محفوظ الھوا جگہ 5 سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں سر دھونے پر راکھ آہستہ آہستہ ہٹا کر کجی کھولیں نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ ابرک ھو گا اس کشتہ میں 1 چھٹانک پانی ڈال کر ھلا کر رکھ دیں تھوڑی دیر میں کشتہ تہہ نشین ھو جائے گا اوپر سے پانی نتھار لیں اسی طرح 4،3 مرتبہ دھو لیں تا کہ شورہ نکل جائے آخر میں خشک ھونے پر انگی سے ہلا کر دیکھیں اگر چمک دے تو کشتہ ناقص چمک نہ دے تو بلکل ٹھیک ھے

ناقص کی صورت میں شورہ اور شیر مدار میں دوبارہ کھرل کر کے ایک آگ اور دیں

اس کشتہ میں 1 تولہ ابک 3 ماشہ قلمی شورہ، شیر مدار 2 تولہ اپلہ جنگلی 5 سیر یہ چیزیں ایک مرتبہ کی ہیں بوقت ضرورت اس حساب سے 3،2 مرتبہ کا عمل کریں میں تو ایک ہی آگ میں بنالیتا ھوں

## خوراک

کمزوری جگر وباہ کے لیے بوقت صبح 1 رتی 1 تولہ مکھن سے بخاروں کے لیے 1 رتی 1 تولہ شکر میں رکھ کر صبح شام کھانسی کے لیے 1 رتی 1 تولہ شہد میں ڈال کر دن میں 2 بار چٹائیں

ضعف جگر بخار کھانسی اور مقوی باہ بھی ھے

**سید اعجاز حسین گیلانی**

==========================================

## کشتہ ابرک سیاہ

ھو الشافی

2 تولہ ابرک سیاہ دھناب شدہ کو آب مولی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور 2 پیالوں میں رکھ کر 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں اس طرح 3، آگ دیں پھر عرق ادرک میں 2 پہر کھرل کر کے 4 آنچ دیں اسی طرح آب گلو سبز میں 4 آنچ دیں عمدہ کشتہ ھو گا

## خوراک

1 رتی مسکہ یا مناسب بدرقہ میں دیں

## فوائد

جگر مثانہ کی حدت کو دور کرتا ھے بواسیر اور تپ کہنہ میں بغایت درجہ مفید ھے میرا معمول مطب ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

==================================

## کشتہ ابرک سیاہ

250 گرام ابرک سیاہ کی ڈلیاں

500 گرام کڑوا تیل

تیل کو کسی ڈھکن والے برتن میں رکھیں

ابرک کو آگ پر گرم کریں جب ابرک سرخ ہو جائے تو اس تیل میں بجھاؤ دیں فورًا برتن پر ڈھکن سے ڈھانپ دیں تاکہ تیل کو آگ نے لگے اس طرح 7 عمل کریں ابرک سنہری رنگ ہو جائے گا

اب اس کو کوزہ میں بند کر کے 8 کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں شیر مدار کے ساتھ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر بند گل کر کے 20 کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں نہایت ہی عمدہ کشتہ بر آمد ہو گا پیس کر محفوظ رکھیں

فوائد

کھانسی دمہ نزلہ زکام بخار ضعیف جگر قوت باہ کے لیے مفید ہے

استعمال خوراک ایک رتی مناسب بدرقہ سے دیں

عبدالکریم آزاد

==============================

داب ابرک سیاہ

100 گرام ابرک سیاہ دھناب

15 سوایم ایل تیزاب گندھک

تیزابی برتن میں ابرک ڈالکر اس میں

100 ایم ایل تیزاب گندھک ڈالکر ہلکی آگ پر پکائیں جب تیزاب ختم ہونے لگے تو مزید جدید تیزاب ڈالکر پکائیں اس طرح تمام تیزاب ختم کرنا ہے روئی کی مانند سفید کشتہ بر آمد ہو گا جس میں تیزاب کی گندھک کی آمیزش ساتھ ہوتی جائے گی ڈبل ٹرپل ہو جاتا ہے اب اس کو اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ رکھیں

رسکپور

دارچکنہ

شنگرف

ورقیہ

سم الفار

وغیرہ کو اس داب میں پکائیں تو اعلیٰ درجہ کے شگفتہ ہو کر ملتے ہیں

نوٹ

خیال رہے یہ عمل کسی کھلے میدان والی جگہ پر کیا جاتا ہے تا کہ تیزاب کے دھواں سے ہر جاندار کو کسی قسم کا ایضاءنہ پہنچے

عبد الکریم آزاد

==============================

## دھناب کا لفظ بولا جاتا ہے

دھناب کیا ہے

اس کا طریق یہ ہے کہ ابرک کو پہلے خوب کوٹ کر نہایت باریک کر لیں پھر اسے کسی موٹے کپڑے کی تھیلی میں ڈالیں

اور کھجور یا کوڑیاں یا سنگ ریزے اس میں ڈال کر تھیلی کا منہ بند کر دیں اور ایک برتن میں گرم پانی ڈال کر اس میں وہ تھیلی دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں اس طرح ابرک کے ذرات پانی میں آجائیں گے جب تہ نشین ہو جائیں تو پانی کو آہستہ سے نتھار کر ابرک خشک کر لیں

ابرک سیاہ اپاو قلمی شورہ پانچ تولہ دہی پانچ تولہ دہی اور قلمی شورہ ملا لیں ابرک کے باریک پترے بنا لیں ایک کوزہ گلی لے کر اس میں پہلے ایک تہہ ابرک کی رکھیں اس کے اوپر ایک تہہقلمی شورہ دہی میں ملایا ہوا رکھیں اسی طرح یکے بعد دیگرے رکھے جائیں بعدہ برتن کو گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر کشتہ ابرک کو باریک پیس لیں

### مقدار خوراک

دو تا چار رتی مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر نگل لیں دن میں دو خوراک

ضیئق النفس دمہ پرانی کھانسی اور پرانے بخار کے لیے اکسیر ہے

==================================

## کشتہ ابرک سیاہ

ابرک سیاہ محلوب 2 تولا 3 تولا دھی کے ساتھ کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کر کے 2 سیر کی آگ دیں اس طرح 21 بار عمل کریں

گل سرخ کی طرح ہو جائے گا۔

### خوراک

1 رتی تپ مزمن اور وبائی میں مفید ہے۔

==================================

## کشتہ ابرک سیاہ یا سفید

ھو الشافی

ابرک سیاہ یا سفید ادھا کلو لے کر کوئلوں پر گرم کر کے جب سرخ ھو جایا کرے تو دودھ بکری یا دودھ گائے میں اتنی بار بجھاؤ دیں دیں جب تک ریزہ ریزہ ھو جائے

اب ابرک کو ھاون دستہ میں ڈال کر کوٹتے جائیں اور تھوڑا تھوڑا بکری کا دودھ ڈالتے جائیں جب آپ دیکھیں کہ بلکل ریت کی طرح ریزہ ریزہ ہو گیا ھے تب کھرل میں ڈال کر بکری کا دودھ ادھا کلو کھرل کریں اور چھوٹی چھوٹی ٹکیا بنا کر خشک کر لیں

اور ایک روغنی کوزی میں بند کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں اب دوبارہ بکری کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیا بنا کر مذکورہ آگ دیں اسی طرح تیسری آگ دیں

اب چوتھی آگ اس طرح دیں کہ

گاؤزبان گلو چرائتہ اجوائین دیسی دس دس تولہ لے کر تین کلو گرم پانی میں بھگو کر رات کو رکھ دیں صبح پکائیں جب ایک کلو پانی رہ جائے تو اتار کر مل کر پن چھان کر اس میں سے اتنا پانی ڈالیں کہ جس سے تھوڑا کھرل کر کے ٹکیا بنا کر خشک کر کے مزکورہ آگ دیں اسی طرح سے اس ایک کلو پانی سے تین آگ دیں

بہت ہی بہترین کشتہ ابرک سیاہ تیار ہوتا ہے

تمام اقسام کے بخاروں کیلیئے مفید و مجرب ھے

کھانسی دمہ میں مفید ہے

اندرونی ذخموں ورموں کیلیئے مفید ہے

## مقدار خوراک

ایک رتی سے دو رتی تک مناسب بدرقہ میں دیں

میں جس طرح استعمال کراتا ہوں

اگر کھانسی بلغم کو دیناھو تو شربت بنفشہ اور شربت اعجاز سے دیں

بلغمی

بخاروں کیلیۓ دیناہو تو کشتہ گاؤ دنتی دس تولہ در گلو یا نیم

کشتہ ابرک سیاہ دو تولہ کھرل کر کے رکھیں دو سے چار رتی خوراک ہے سونف کے قہوہ سے بہت ہی مجرب ہے

## حکیم سید ساجد ہاشمی

## اسی طرح سے دق سل کھانسی اور بلغم کیلیئے

گدھی کے دودھ میں 21 آگ مذکورہ طریقے سے دے کر بناتا ہوں بہت بہترین کشتہ تیار ہو تا ہے

ہو الشافی

ابرک سفید ایک پاؤ لے کر مولی کے پانی سے کوٹیں یعنی تھوڑا تھوڑا ڈال کر کوٹتے جائیں جب بلکل باریک ھو جائے تو پھر کلمی شورہ ایک پاؤ گڑ ایک پاؤ کے ساتھ ملا کر مولی کے پانی س کھرل کریں اسے ایک دن کامل کھرل

کریں جب نغدہ کی طرح بن جائے تو اسے ایک کوزی میں بند کر کے مضبوط گلحکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر غسل دیں یعنی پانی میں ڈال دیں اور نتھار لیں شورہ نکل جائے گا

پھر اس کو آک کے دودھ میں ایک دن کامل کھرل کر کے مذکورہ آگ دیں

پھر ایک دن کامل کھیکوار میں کھرل کر کے بدستور سابقہ آگ دیں

اخیر میں بکری کے دودھ میں کھرل کر کے مذکورہ آگ دیں

بہت عمدہ کشتہ تیار ہوتا ھے

مقدار خوراک

ایک سے دو رتی

خواص بدستور سابقہ ھے

میں اسے لیکوریا پر بھی استعمال کروالیتا ہوں

حکیم سید ساجد ھاشمی

## بیسیوں امراض کے لیے کشتہ ابرک سیاہ

ھوالشافی

ابرک سیاہ حسب ضرورت لے کر اس میں ارنڈ سرخ کا پانی ڈالیں اور ایک برتن میں گلحکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں پیسنے کے قابل ھو جائے تو پھر ارنڈ سرخ کے رس میں پیس کر ٹکیہ بنا کر اسی طرح انچ دیں بلا چمک کے ھو گا ورنہ ایک آنچ اور دے لیں سرخ رنگ کا کشتہ ھو گا

کشتہ ابرک 4 تولہ، پارہ مصفا، گندھک آملہ سار مدبر کافور بھیم سینی جائیفل جلوتری تخم بدھاری گل شکری کنگرین بداری کندستاور سمندر پھل ہر ایک تولہ تولہ سب ادویہ کو الگ الگ باریک پیس کر مکس کر کے پان کر رس میں کھرل کر کے 3 3 رتی کی گولیاں بنالیں

## خوراک

1 گولی صبح شام مناسب بدرقہ سے دیں

## فوائد

18 قسم کا کوڑھ 20 قسم کی شوگر جریان مقعد کے امراض بھگندر گلے کی سوجن کھانسی بخار سوالقینہ زبان کا اکڑ جانا گلے کا گھٹنا کانبے کا بخار جسم درد سر درد پیٹ کے امراض پاؤں اور گلے کی سوجن ناک کان اور آنکھ کر امراض قوت باہ اور نظر از حد تیز ھو جاتی ھے بالوں کی سیاہی برقرار رکھتا ھے امراض منی کو درست کر کے قابل اولاد بناتا ھے

اور جسم کی بدبو کو ختم کرتا ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

==================================

## کشتہ ابرک بغیر آگ

ھوالشافی

جو آدھ سیر ابرک سفید محلوب 1 پاؤ دونوں کو باہم آمیز کر کے کھدر کی ایک ڈھیلی سی پوٹلی میں بند کر کے پانی والے گھڑے میں ڈال کر گھڑے کو پانی س ء بھر دیں گرمیوں میں 4،3 دن اور سردیوں میں 10،8 پڑا رہنے دیں

روزانہ صبح شام ہاتھوں سے پوٹلی کو 7،5 منٹ تک پانی میں ملتے رہیں 20،15 روز کے بعد ابرک کا بیشتر حصہ کشتہ ھو کر پانی میں تہہ نشیں ھو جائے گا تب اس عمل کو بند کر دیں اور پانی کو نتھار کر نیچے تہہ میں بیٹھی ھوئی دوا کو کسی کپڑے پر پھیلا کر دھوپ میں خشک کر لیں لیجیئے ابرک کا بلا آگ کے ٹھنڈا کشتہ تیار ھے

کشتہ مذکور 2 تولہ الائچی خورد صندل سفید ہر ایک 1،1 تولہ کھرل کر کے 250 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں

### خوراک

1 کیپسول صبح شام ہمراہ پانی

فوائد

ہائی بلڈ پریشر کے لیے مجرب دوا ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

==================================

## ابرک سے پارہ نکالنا

ھو الشافی

سر والہ بوٹی کے شیرہ میں ابرک سفید کو دھناب کر کے سات پٹ آفتابی دیں بعد ازاں خشک کر کے آب صابن اور شیرہ گل کرنا میں 3،3 بار کھرل کریں گرمی کے موسم میں کھلی ھوا میں کھرل کریں اس کے بعد کسی تانبہ کے برتن میں رکھ کر برتن کو تھوڑا سا ٹیڑھا کر کے رکھ دیں سیماب الگ ھو جائے گا

سید اعجاز حسین گیلانی

===============================

## کشتہ ابرک سیاہ شنگرفی

ھو الشافی

ابرک سیاہ 10 تولہ

شنگرف اچھے والا 50 گرام

ابرک کو دھناب کر کے سات گرام شنگرف ڈال کر بکری کے دودھ 200 گرام میں کھر کر کے ٹکیاں بنا کر ایک کوزی میں بند کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے سات آگ مکمل کریں بہترین کشتہ تیار ہوتا ھے

مقدار خوراک

ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی میں

قوت باہ و کمزوری کیلیئے بہت مفید ھے رنگ کو نکھارتا ھے بھوک لگاتا ھے اور بدن میں چستی لاتا ہے

حکیم سید ساجد ھاشمی

==================================

کشتہ ابرک مفرح محترم رضوان شاہ صاحب کی فومائش پر حاضر خدمت ھے

ھوالشافی

ابرک سفید محلوب 5 تولہ میں 5 ماشہ کافور ملا کر جوشاندہ ترپھلہ میں 1 گھنٹہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر توے پر رکھ کر تیز آگ جلائیں ٹکیہ کے پہلو بدلتے رہیں جب کافور اڑ جایے اتار کر پھر 5 ماشہ کافور ملا کر جوشاندہ ترپھلہ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بدستور توے پر پکاییں اس طرح 100 عمل کریں کشتہ ابرک مفرح تیار ھے

## خوراک

نصف رتی تا 1 رتی تک شربت بنفشہ نیلوفر یا صندل سے

## فوائد

گرمی کا بخار تپ دق گرمی سے ھونے والا سر درد جریان دست پیچش قے اور دل دھڑکنے میں نہایت مفید ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

==============================

## کشتہ ابرک سیاہ ریحی و بلغمی امراض کے لیے

ھو الشافی

ابرک سیاہ 1 تولہ سم الفار 1 تولہ کھرل میں ڈال کر آب جائفل 10 تولہ بذریعہ کھرل جذب کریں ٹکیہ بنا کر خشک ھونے پر چھوٹی سی کجی میں گلحکمت کر کے 4 سیر اوپلوں کی آگ دیں بعد ازاں نکال. کر سم الفار 1 تولہ پھر

شامل کر کے آب جائفل 10 تولہ پھر کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بدستور آگ دیں اس طرح 7 آگ مکمل کریں ہر بار سم الفار 1 تولہ ڈالنا ھے ساتویں آنچ کے بعد کشتہ مذکور تیار ھے کھرل کر کے شیشی میں رکھ لیں

## خوراک

نصف چاول سے 1 چاول تک مناسب بدرقہ سے دیں

## فوائد

دمہ کھانسی نزلہ زکام جوڑوں کا درد پسلی کا درد عرق النساء وجع الورک فالج لقوہ ضعف باہ کے لیے مفید ھے

آگ جائفل بنانے کا طریقہ جائفل عمدہ 10 تولہ لے کر جو کوب کر کے 12 تولہ گرم . پانی میں ڈال کر برتن کا منہ بند کر کے رکھ دیں صبح نتھار لیں اسی پانی سے 6 دن کھرل کریں ساتویں اسی جائفل میں 3 پاؤ پانی ڈال کر جوش دیں 1 پاؤ رہنے پر مل کر چھان لیں یہی پانی ساتویں دن کے لیے ھے

سید اعجاز حسین گیلانی

==============================

## کشتہ ابرک بہت سادہ طرز پہ بھی تیار ہوتا ہے

ابرک سیاہ۔۔۔ ایک پاؤ

آب مولی۔۔۔ آدھا کلو

ابرک کو کتر کر گرائنڈ کریں اور دوری میں ڈال کر آب مولی بزریعہ کھرل قدرے خشک کر کے کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے 20 کلو کی آگ دے دیں

بہترین کشتہ تیار ہے

ہیپاٹائٹس سی۔ ضعف جگر۔۔ استسقاء کی پہلی سٹیج پہ بہترین کارآمد ہے

خوراک

1 سے 2 رتی خیساندہ دھماسہ کے ساتھ صبح شام

نوٹ

مختلف مرکبات میں بھی استعمال کرتا ہوں جیسے شورہ اور فولاد کے مرکبات میں۔

طبیب عامر باجوہ

==================================

کشتہ ابرک سیاہ ممسک

ابرک سیاہ 3 تولا جو کوب کر کے چینی کے پیالے ڈال کر آب لیموں مقطر اسقدر ڈالیں کہ ابرک سے 1 انچ اوپر رہے اس طرح 1 ہفتہ پڑا رہے اس دوران عرق خشک ہو جائے تو اسمیں مزید عرق ڈالیں آٹھویں دن ابرک کے تہائی سیماب مصفی ملا کر 1 پہر کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کر کے 2 کلو کی آگ ہوا سے بچا کر دیں سرد ہو جائے نکال کر کھرل کر لیں۔

خوراک

1 رتی

ممسک مقوی باہ اور خوب بھوک لگاتا ہے۔

حکیم منظور احمد بلوچ

==================================

## کشتہ ابرک سیاہ مفرح و مقوی قلب مقوی پھیپھڑہ مقوی دماغ و مقوی اعصاب اور بلغمی امراض و پرانے بخاروں کیلیئے خاندانی اکسیر

ھو الشافی

کشتہ ابرک سیاہ در اب سچا گلاب 5 تولہ

کشتہ مروارید سچاگلاب کے سہ اتشہ عرق میں کھرل کردہ 5 تولہ

کشتہ یشب در نغدہ سچاگلاب 5 تولہ

کشتہ یاقوت در اب سچاگلاب 5 تولہ

کشتہ صدف در سچاگلاب 5 تولہ

کشتہ شاخ مرجان در مغزبادام 5 تولہ

کشتہ عقیق در گاوزبان 5 تولہ

ورق نقرہ 1 تولہ

ورق سونا 20 عدد

تمام چیزوں کونہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر عرق بیدمشک روح کیوڑہ عرق گلاب سہ اتشہ و عرق گاوزبان میں 36 گھنٹہ کھرل کریں شیشے والی شیشی میں محفوظ رکھیں

## خوراک

ایک رتی ہمراہ مکھن بالائی خمیرہ گاوزبان یامناسب بدرقہ سے

بہت ھی مجرب اوراز مودہ اکسیر ھے

## فوائد

دل دماغ پھیپھڑہ جگر گردہ مثانہ اعصاب کیلیئے مجرب ھے

## کشتہ ابرک سیاہ در اب سچا گلاب

ابرک سیاہ دس تولہ کو دھناب کرکے گلاب کی پتییوں کے پانی سے کھرل کرکے ٹکیاں بناکر گاؤزبان کے 150 گرام نغدہ میں رکھ کر کوزی میں بند و گل حکمت کرکے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سات آگ دیں گولڈن رنگ کا کشتہ تیار ہو گا

## کشتہ مروارید

مروارید دس تولہ کو ایک بوتل سہ اتشہ سچا گلاب میں کھرل کرکے محفوظ کرلیں اور شامل نسخہ کریں جتنا ڈالنا مقصود ھو

## کشتہ یشب در سچا گلاب

یشب دس تولہ لے کر عرق گلاب میں سات عدد بجھاؤ دے کر گلاب کی پتیوں کے پانی سے کھرل کرکے ٹکیا بناکر گلاب کی پتیوں کے نغدہ میں رکھ کر بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے سات آگ مکمل کریں اور شامل نسخہ کریں

## کشتہ یاقوت

یاقوت کو کوئلوں پر گرم کرکے عرق گلاب میں ں سات بار بجھاؤ دیں اور سچا گلاب کے پانی سے کھرل کر کے سچا گلاب کی پتیوں کے ہی نغدہ میں رکھ کر کوزی میں بند و گل حکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے سات آگ مکمل کریں اور شامل نسخہ کریں

## کشتہ صدف در سچا گلاب

سچا سپ بیس تولہ کو ایک روغنی کوزی میں ڈال کر کوار گندل کے گودہ کو سپ کے اوپر ڈالیں کہ سپ مکمل ڈھانپ جائے بند و گل حکمت کر کے 25 کلو اوپلوں کی آگ دیں

اب سچا گلاب کے پانی سے کھرل کر کے بند و گل حکمت کر کے 30 کلو اوپلوں کی آگ دیں

اور شامل نسخہ کریں نسخہ کے وزن ے مطابق

## کشتہ شاخ مرجان در مغز بادام

شاخ مرجان دس تولہ لے کر عرق میں بدستور سابقہ بجھاؤ دیں اور سچا گلاب کے پانی سے کھرل کریں اور مغز بادام ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر بند و گل حکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں اور شامل نسخہ کریں

## کشتہ عقیق در نغدہ گاؤزبان

عقیق دس تولہ لے کر بدستور سابقہ بجھاؤ دیں اور کوٹ کر

گلاب کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر گاؤزبان کے نغدہ میں رکھ کر بند و گل حکمت کر کے 30 کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے تین آگ مکمل کریں اور شامل نسخہ کریں

حکیم سید ساجد ھاشمی

==================================

## کشتہ ابرک سیاہ برائے تپ دق و دیگر کمزوری

ھو الشافی۔

ابرک سیاہ حسب ضرورت لیکر اسکو آہنی تار سے مظبوط باندہ کر کوئلوں پر گرم کر کے روغن بلادر میں بجھاویں دیں یے عمل گیارہ بار دہرائیں

پھر ایک دن کامل اسکو دہی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور کوزہ گلحکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پھر دہی میں ایک دن کامل کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گلحکمت کر کے بیس کلو اوپلوں کے آگ دیں یے عمل تین بار کریں تیسری بار کشتہ تیار ہو گا

خوراک

ایک رتی مکھن میں ملا کر مریض کو روزانہ دیں

بنائیں اور مجھ حقیر کو دعائوں یاد رکھیں

طالب دعا حکیم علی حسن اصغر فرام سیہون شریف سندہ

==========================================











روہتاس گارڈن اینڈ ٹینٹ کیٹرنگ سروس
0322-5957985
0301-5829272


سید ایم۔این۔اے۔کاظمی





حکیم سید اعجاز حسین شاہ گیلانی



سید اعجاز گیلانی

